سخن بے مثال

یعنے ۱۲۹۳ھ

دیوان شاد

ایسا بے مثل تاریخی نام سُننے تو کیا کسی نے شاید نہ دیکھا نہ سُنا ہوگا
جو اسم بامسمےٰ ہو۔ واقعی حضرت **شاد** مغفور نے اپنی پوری قوت
کو صرف کر کے اس دیوان مین سحر بیانی کو جو آجتک ضرب المثل
چلی آتی ہی ثابت کر دیا جسکا ہر لفظ قلب سامع اور ناظر پر چلتے ہوے جادو
یا مسمریزم کا وہ اثر ڈالتا ہی جو آئینۂ دلمین مضامین کی متجاذب صورتین
دکھا کر ہمہ تن تصویر بناتا ہی محض عاشق مزاج شائقین کے واسطے سید مجتبیٰ حسن تصور عالم نے

تصویر عالم پریس لکھنؤ مین باہتمام حسن طبع کر کے شائع کیا

تصویر عالم

یہ رسالہ دو جزو کا مع ایک اخلاقی ناول کے ۱۵۔ اکتوبر ۹۶ء سے ہر انگریزی مہینہ کی ۱۵ تاریخ کو (دفتر تصویر عالم) سے شائع ہوتا ہے جسے ہماری قوم کے معزز قدر دانوں نے نظر توجہ سے ملاحظہ فرما کے قبولیت کا سرٹیفکیٹ عنایت کیا جسکو اسکی ترقی کا ذریعہ سمجھنا چاہیے۔ یہ گلدستہ قابل قدر ہے اسلیے کہ اسمیں خاص لکھنؤ کے سرمایۂ ناز نامی شعرا کا کلام منتخب درج کیا جاتا ہے جو مذاق سخن کی درستی کے لیے بہت بڑا کارآمد اور اہل سخن کی طبع آزمائی پورا ہوا فہ تو ہے ہم امید کرتے ہین کہ اتنا جلد اسطرح ترقی کے میدان مین اور کوئی گلدستہ گوے سبقت نہ لیگیا ہوگا جیسا کہ تصویر عالم کہ شائع ہوتے ہی عالمگیر ہوگیا۔ اسکا ہونہار محض اسکے مہذب قدر دانوں کے مبارک ہاتھوں مین ہے اور اسکی کامیابی کی امیدین انھین کی نظر عنایت پر منحصر کہ جنکا یہ ممنون کرم ہے۔ ناظرین اگر آپکو ذوق سخن ہے تو اس گلدستہ کو ضرور لیجیے یہ آپکے مذاق کی درستی کا سچا آلہ انقباض خاطری کا دلچسپ ذریعہ ہے حسن و عشق کے مرقع عاشق معشوق کے پورے پورے حالات شاعرونکی نازخیالیان اگر دیکھنا ہے تو آپکو سواے تصویر عالم اور کہین نملین گے۔ زیادہ ہم کیون کہین آپ خود منگا کر امتحان کرلین صرف گلدستہ کی سالانہ قیمت (عہ) اور صرف ناول کی سالانہ قیمت (عہ) اور دونون کے خریدارون کو بہ نظر تخفیف (عہ) مع محصول ڈاک مقرر ہے فیس منی آرڈر ذمہ خریدار ہوگی۔ نمونہ کا پرچہ صرف گلدستہ یا ناول ۲۰ اور دونونکے لیے ۴ر دفتر مین آنے سے روانہ ہوگا خط و کتابت کے واسطے جوابی کارڈ یا ٹکٹ آنا چاہیے ورنہ عدم جواب کی شکایت معاف۔ اس پتے سے درخواست آنا چاہیے (لکھنؤ دفتر تصویر عالم)

روحانی خلیفہ کی شکست نیل ... بھی عباسہ کا خاتمہ شادی و غم حسن و عشق کے دلچسپ کرشمہ خاص لکھنؤ کی اردو زبان حصہ اول ..... عہ
حصہ دوم ..... عہ

مبیطیر

اسمین پراثر اور دلکش الفاظ سے اس امر کو بہت کامیابی کے ساتھ دکھایا گیا ہے کہ رعایا کے ساتھ بدسلوکی اور شراب خواری اور نالائق ہمنشینوں سے صحبت رکھنے سے کیا نتیجے ہوتے ہین اور ان سے بچنے کے لیے کیا تدبیرین ہونا چاہئیں مزید برآن کہین رزم و بزم اور کہین حسن و عشق کی سچی تصویرین عبارت شستہ و رفتہ مین بہت خوبی سے دکھائی گئی ہین

اِنٹرُوڈکشن

پہلے اس سے کہ ہم اِس دیوان کی سچی کیفیت مجملاً لکھین ہمارا ہنڈنگ جو اُردو کا اِین
مین نقش اوّل سمجھا جائے تو بعید نہین مجبور کر رہا ہی کہ جناب اُستاذی شیخ محمد جان صاحب شاد
لکھنوی مرحوم معروف بہ پیرو میر کی سوانح عمری کو جو ایک دلچسپ تاریخ سے کسیطرح کم نہین
قلمبند کرین لیکن بوجوہ چند اسوقت ناممکن معلوم ہوتا ہی البتہ انشاء اللہ المستعان بشرط صحت بعد
فرصت کسی دوسرے دیوان مین لکھنے کا موقع ملے تو عجب نہین اور یا ماہر علم و فن صاحب
فکر رسا ایسے بیعدیل نا ولسٹ جو اپنا آپ ہی نظیر ہو سکتے ہین عالیجناب منشی محمد سجاد حسین صاحب
مالک و مہتم اخبار اودھ پنچ و آزاد لکھنؤ اپنی تصنیف سے اشاعت فرمائینگے جسکو ہر رنگ اور ہر طبیعت کے
شائقین نہایت قدر کے ساتھ خرید کر بہت وقعت کی نظر سے ملاحظہ کرینگے۔

لیکن اس میٹنٹ کلام کے قدر کرنے والے موجودہ مذاق کے اعتبار سے اگر ہین تو وہی معزز
شائقین جنکے چوٹ کھائے ہوئے مجروح دلون کو حضرت میر مغفور کے بہتر نشترون کا تلاشی
رہکر اپنے خلقی مذاق اور رنگینی طبیعت کے ہاتھون قوت ممیزہ سے پوری مدد نہ لیکر دستیاب کرنے
مین ہمیشہ ناکامیابی کا موقع ملا کیا۔جب کلیات پر نظر ڈالی ہر شعر کو پڑھکر احتمال نہین بلکہ یقین
کر لینا پڑا کہ منجملہ بہتر کے پہلا نشتر یہی ہی۔

یا وہ حضرات شائق اور قدردان ہو سکتے ہین جنکو اچھوتی اُردو زبان کا مذاق ہونے کے
علاوہ دلون مین مصطلحات و محاورات روزمرہ اور لکھنؤ کی اُس پاک و طاہر زبان کے جسکی شست و شو

کرکے کوثر نے جنّت مین رہنے کا فخر حاصل کیا خود نظم کرنے اور دوسرون کے ایسے تصانیف دیکھنے کا شوق خون کے وہ اجزاے لطیفہ بنکر دل مین جوشزن رہتا ہی جو نہایت باریک اور سیاہ ذرّے شریانونکی قوت دموی کے معاون ہوکر بالعموم روحِ حیوانی کی بالیدگی کا باعث ہوا کرتے ہین۔

ایک گروہ کے معززین اور بھی اِس سخنِ بیمثال کے شائق ہوسکتے ہین جنکو باوجود علم و فضل کے شاعری مین عبور نہین لیکن شعر گوئی اور شعر فہمی کا مذاق رنگین طبعی کے ہاتھون سے حُسن پرست اور گداختہ دلون کو گُدگُدا کر کچھ نظم کرنے یا اشعارِ دلچسپ دیکھنے پر مجبور کر دیا کرتا ہی۔ اور اُن حضرات کو عوائق و موانع دنیاوی مثل ملازمت سرکاری یا کوئی علالت یا خانہ داری اور امارت وغیرہ کے انتظامات اسکا موقع نہین دیتے کہ اِس فن کی تحقیق مین بھی تھوڑا سا وقت صرف کرین۔

اِسوقت ہمارے ایسے بے دلیل دعوے سے جسکو ابھی کئی سطرون کے بعد ہم بدلائل ثابت کیا چاہتے ہین ناظرین کی خواہی نخواہی ہونے والی حیرت اپنا معمولی استعجاب کا اثر ڈالکر ہمکو یاوہ گو کہلوانے پر مجبور کیا چاہتی ہی لیکن ہمین اپنی اس راے کے واپس لینے کی ضرورت نہ پڑنا بھی شاید محلِ تعجب نہو۔ اسواسطے کہ کیا ہماری تحریرِ سابقہ کے لفظ "شائقین" عام شائقون سے عبارت ہوسکتی ہی؟ نہین نہین! ۔ بلکہ اُن صاحبانِ فہم و ذکاوت سے تعبیر کرنا چاہیے جنکے عالی طبائع مذاق شاعری و رنگینی اور علم و فراست۔ ذہانت اور ذکاوت کے تار و پود کا باعث ہوئے ہین اِس خیال سے ہمارا وہی نہ باطل ہونے والا خیال اِس بات کا اطمینان دلا رہا ہے کہ ایسے لائق لوگ عقلِ رسا اور چشمِ انصاف سے پوری مدد لیکر ایسے نادر الوجود کلام کو معائنہ فرمائین گے۔

چونکہ جناب مغفور کے اور اکثر دواوین و مثنویات بار ہا چھپکر مطبوعِ عالم ہو چکے جو بسبب کثرت شائقین کے فی الحال توام عنقا سمجھے جاتے ہین اور غالبًا قدردان اچھّے کے مجبور کردینے والے

اصرار سے اسکے بعد ہمکو پھر اُنکے طبع کرنے کی ضرورت پڑے۔ گو وہ کلام گنجایش شاعری کے
سبب سے اُستادان حال کے دلون پر حُسنِ محبوب کی صورت اپنا سکہ کبکا بٹھا چکا ہی اور جناب
جنت مآب کی سیف زبانی کا لوہا سب مانے ہوئے ہین تاہم ایسی تحسین کے قابل نہین سمجھا جاسکتا
جو اسکے واسطے موضوع اور موزون ہی۔ کیونکہ اُسمین وہی رنگ نہین جو فی الحال رائج ہی بلکہ ساتھ اُس
دلچسپ مذاق کے جو اساتذۂ ماسبق کے کلام کو اسوقت تک نہایت قدر کی نظرون سے دکھلا
رہا ہی موجودہ عام پسند طرز بھی نہایت تحقیق کے ساتھ نظم ہی جسکے معائنہ سے آپ لوگ بشرط
اپنی پوری خواہش کے پھر چھپوا کر لطف اُٹھا سکتے ہین با اینہمہ وصاف ایسی سحر بیانی کے مقابلے
مین جسمین بالکل گنجایش نہین اُس جادو طرازی کی کہانتک قدر کیجا سکتی ہی جو وسعتون سے
جناب مصنف مغفور کے خیالات کیطرح مملو ہی۔ پھر سن شریف بھی وقت انتقال تقریباً صد سالہ
ہو چکا تھا زمانے کے تمامی رطب و یابس کی لذتین زبان دل پر موجود تھین سر برآوردہ اور
مشاہیر اساتذہ کے ہم مشاعرہ رہا کیے گو چاشنی موت چکھنے سے پچیس سال قبل غزل گوئی ترک
نہین کر چکے تھے بلکہ قسم کھالی تھی لیکن یہ بات بھی تو قابل غور ہی کہ حضرت کو تلمذ کس خاندان سے
تھا جناب سید حسن عسکری صاحب عرف میر کلو صاحب عرش مرحوم ابن جناب میر تقی صاحب
میر دہلوی خدائے سخن جنکو اُستاد مسلم الثبوت سب شعرا مان چکے ہین غالب سے خود سر شاعر کا مقولہ ہی

غالب اپنا تو عقیدہ ہی بقول ناسخ	آپ بے بہرہ ہی جو معتقدِ میر نہین

اور انصاف بھی یہی ہی کہ اس آتشیجستان مین میر جنت مکین کا جواب دینے والا اُردو گو شاعر تو
نہین پیدا ہوا۔

صاحبان فہم یہین سے قیاس کرلین گے کہ حضرت شاد پیرو میر مشہور تھے اِس پیروی کی
کہانتک پیروی نہ کی ہو گی۔؟ اگر چشم غور و تعمق سے دیکھا جائے تو ہر جگہ بر حسب موقع و محل حُسن و
عشق اور وصل و ہجر وغیرہ وغیرہ کا دل لبھا لینے والا نہایت صاف فوٹو سینری کے پردے مین کھینچا ہی
تفصیل وار ہر سین کی تصریح بخیال طوالت قلم انداز کی گئی فقط اسیقدر کافی ہی کہ ہر دیوان اور مثنوی

اُس عشق مین پیش آنے والی صورتون اور سوانح کا جو بادی النظر مین شاہد مجازی کی شکل دکھلا رہی مین
اور درحقیقت اسی کا عکس لیکر ہر خاکی پیکر کو حقیقت اور معرفت کا مرتبہ حاصل کر لینے کا موقع مل سکتا ہے
ایک بیداغ گروپ ہے جسکی مدحت کی تصویرین کاغذ کے چھوٹے سائز کی پلیٹ پر دکھلانا ممکن ہی نہین
تصور صادق سے شعر پڑھا اور ایک میجک لینٹرن کے سامنے سے پردہ ہٹگیا پیاری پیاری دل
چھین لینے والی صورتین پیش نظر ہو گئین لیکن جسکی نسبت اس تحریر کی ضرورت پڑی اسکا محض فوکس ہی
لیا تھا بسبب مکروہات دنیاوی کے تصحیح کرنے کی نوبت نہ آئی بعد انتقال جناب خلد آشیان حقیقی
جناب سید مجتبی حسن صاحب منیجر تصویر عالم پریس نے یہ اہم کام اپنے ذاتی تلامذہ جناب مصنف
نور اللہ مرقدہ کے سپرد کیا اسقدر ضرور ہوا کہ باوجود عدیم الفرصتی اور علالت کے اصل اور کاپیان
نظر سے گذرین مگر بعد ترمیم کاپیان دیکھنے کا موقع نہ ملا نہ پروف نظر سے گذرے نہین معلوم کاتب
صاحب نے کیا بنایا اور کیا چھوڑا بعد تیار ہونے کے جو دیکھا گیا تو اکثر غلطیان نظر آئین مجبوراً
نہایت کم وقت مین بعجلت تمام غلطنامہ لکھنے کی ضرورت ہوئی صاحبان فضل و کمال سے توقع
رکھنے والی امید ہے کہ اگر بتقاضائے سہو و نسیان کوئی غلطی کہ جو دراصل اس خاکسار کی سمجھی جا سکتی ہے ملاحظہ
فرمائیے تو عیب پوشی کو کام فرما کر اسکا افشا نہ فرمائین کہ فہم و نسیے بحث نہین۔

چونکہ حضرات شائقین فرط شوق کے سبب سے جو کسی دل چھین لینے والے کے نازک نازک
ہاتھ کی طرح بار بار گدگدا کر انکو مجبور کر رہا ہے نہایت بیتابی کے ساتھ عاجل ہو کر اتنا موقع نہین دیتے کہ
دو تین [illegible] بھی جو شامل دیوان ہذا ہین طبع ہو سکین مجبوری یہ رائے قرار پائی ہے کہ دوسرے اور تیسرے دیوان کے
ساتھ [illegible] اشاعت ہو۔

سید عاشق حسن وصل لکھنوی

محلہ [illegible] تالہ اندرون کھنوئی ٹولہ مکان نمبر ۱۰۵ سابق تحصیلدار ریاست [illegible]۔

سخن بیمثال ۱۳۰۹

یعنے

دیوان شاد

جسکو

بعد انتقال جناب شیخ محمد جان صاحب المتخلص شاد لکھنوی معروف بہ پیرو مرشد جناب داروغہ سید محمد صاحب مغفور مالک و مہتمم پرچہ "تصویر عالم" نے صرف کثیر کے ساتھ اپنا بہت بڑا قیمتی اور عزیز وقت بھی ضایع کیا جسکے جلدو مین ایسا نادر الوجود کلام مختلف مقامونسے بہم پہونچا چونکہ یہ دیوان اُردو شاعری سکھلانے کا ایک نہایت عمدہ آلہ اور گذشتہ و موجودہ زبان لکھنؤ کا حسب وہ مرقع ہی جسکے کامل الفن صنّاع نے بڑی عرقریزی کے ساتھ ایک بہت بڑا حصّہ اپنی عمر کا صرف کرکے روزمرّہ کا رنگ بھرا اور مصطلحات کی گلکاریون سے آراستہ کیا تھا طُرفہ صنعت یہ کہ غزلیات مین باستثنای مطلع و مقطع کُل قوافی ہندی نظم فرمائے۔ نام تاریخی اُسوقت کا ہی جب یہ دیوان ختم ہوا تھا۔ اِسکو کم مشق شعرا کے اُستاد بننے کا بھی کمال حاصل ہی اسواسطے کہ ہر غزل کے ساتھ اُسکی بحر و تقطیع مع علل یعنی زحافات و ارکان کے درج ہی بنا بر علیہ نیازمند نے پبلک کے رفاہ اور دلچسپی پر نظر کرکے جناب مستغنی عن الالقاب مولوی فاضل مسٹر محمود حسن صاحب نبیرۂ شیخ صاحب مغفور سے بحفظ کاپی رائٹ اجازت طبع حاصل کی اور حبیبی جناب منشی سید عاشق حسن صاحب وصل لکھنوی تلمیذ ارشد حضرت مصنف کو باوجود عدیم الفرصتی و علالت کے نظر ثانی اصل و صحت کاپی کا ذمہ دار کرکے بحسن اہتمام سید مجتبیٰ حسن منیجر تصویر عالم نے

بماہ جنوری ۱۹۰۱ء

خاص تصویر عالم پریس لکھنؤ مین طبع کرکے شایع کیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ردیف الف

غزل و منقبت بحر تقارب مثمن سالم — فعولن فعولن فعولن فعولن

سوائے خدا ہی بھروسا علیؑ کا
نصیری نہیں پر ہوں بندا علیؑ کا

وہ دل ہے خدا جو ہو شیدا حیدر
وہ آنکھیں جو دکھلائیں جلوا علیؑ کا

نہ صورت پہ جا دیکھ حسن معانی
نبی کی ہے تصویر نقشا علیؑ کا

فقط اک خدا ہی نہ سنتا تھا اوسکی
پیمبر بھی پڑھتے تھے کلما علیؑ کا

تفاوت نہیں دونو نور احد میں
نبیؐ کے برابر ہے رتبا علیؑ کا

نہ ہے مرتبت ہمسر انبیا ہے
خے منزلت دل ہے کعبا علیؑ کا

کھلایہ حادثوں سے بعد بنی	پیام آکے پیغامبر کہہ گیا
عمارت پہ منعم جو مغرور تھے	تمام اونکا قصر بدن ڈھہ گیا
دیا سخت جانی نے سندان کا دل	پڑی چوٹ پر چوٹ جو سہ گیا
وہ تیغ زبان جب لڑانے لگے	ہراک زخم مُنہ کھولکر رہ گیا

وہ لاغر ہون ای شاد اشکونکے ساتھ
خس وخار سیلاب تھا بہہ گیا

بحر رمل مثمن محذوف — فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

آئینے کے روبرو ٹٹی کی اوٹ آئینگے کیا	گر یہی دیدہ ورائی ہی تو شرمائینگے کیا
کوئی دم راحت جنونکے ہاتھ سے پائینگے کیا	زخم بھر جائینگے تو ناخن نہ بڑھ آئینگے کیا
تنگدستی سے میان گور تنگ آئینگے کیا	ہاتھ کو جب کھینچ لینگے پاون پھیلائینگے کیا
حال عاشق اونکو سُننے کا مزا ہی اسقدر	ہم کہے جائینگے جتنا وہ کہے جائینگے کیا
اپنے کہنے مین جب اپنا ہی دل مضطر نہین	اوس بُت گمراہ کو ہم راہ پر لائینگے کیا
داغ دل ہین وہ طلسم حسرت ارمان بہار	کیسی ہی آئی خزان یہ پھول مرجھائینگے کیا
دل لگی کو جو ربنجائین گے اعمال انکو	کُنج مرقد مین اکیلے رہکے گھبرائینگے کیا
حسن کی دولت سے جو ای رہین ہے بے ثبات	دیکے دل مُفت خدا اوس بت سے ہم پائینگے کیا

شیشہ گری پہ ناز ان بیکار شیشہ گر ہین	کوئی بھی دل کسی کا ٹوٹا ہوا بنایا
آہو نگی : کون نے چھانی کیا یہا نشانک	سقف فلک کو چھتا زنبور کا بنایا

شان خدا عیان ہے ہر بت سے میکدہ مین
کعبے مین جتنے جا کر اہو شاو کیا بتا یا

بحر رمل مسدس محذوف	فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
یہ فریب حسن کا عالم رہا	عیسیٰ مریم کو دیتا دم رہا
دل طپش سے آب ہو کر تھم رہا	شمع کا آنسو گرہ بنکر جم رہا
دم لیا دنیا سے جا کر خاک مین	زخم کیا اسجا سے او سجا رم رہا
حسن مین اوس کے روشن کے حضور	لاکھ چمکا آئینہ مدھم رہا
ناچنے مین بھی یہ ہی بس کی گرہ	زہر دینے کو وہ دیتا سم رہا
کشتنی وہ ہون جو کشتہ بھی ہوا	خنجر ابرو کا بھرتا دم رہا

شاو نالون کے سنبھالے عشق مین
بان بھالے برچھیان بلم رہا

بحر مضارع مثمن اخرب	مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن
بے یار خون دل ہے گلشن مین آب جو کا	پیمانہ گل سرخ اک جام ہے لہو کا

لگے طاؤس کے گہہ موج پائے کبک مین آئی
چلا جو اوسکے اٹھکیلی کی چال اوسکا چلن بگڑا

ہوا سے بلکی لیتے ہین بگولے خاک تربت کے
حرستے پر بھی نہ کجباز جہان کا بانکپن بگڑا

بنا پھول آگ کا بھی تو بتونکی سرد مہری سے
نہ رہ یان بھی تپ غم کے بھڑکنے سے جلن بگڑا

رقیبون سے ملا وہ بت نجوم بد کی گردش سے
نہ ہو طالع ہمارا جب بری آئی لگن بگڑا

شباب آتے ہی ہمسے ابسکی چشم شرمگین بگڑی
سیہ مست جوانی ہوتے ہی کالا ہرن بگڑا

فقط اک شاد کیا ہوا ای عروس قبر تو وہ بھی
بنا دولہا جو تیرا وہ ترے ہاتھون دلہن بگڑا

بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع — مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

ہر ایک حال مین رازق کا شکر کر لینا
ملے جو نان جوین بھی تو پیٹ بھر لینا

محیط عشق سے خنجر پہ آب دھر لینا
گلے گلے جو یہ پانی ملے اوتر لینا

بھلا نہ دیجیو حقدار امیدوارون کو
پڑھو جو فاتحہ ہمکو بھی یاد کر لینا

متاع حسن ہو خیرات بوسہ باز مین
خدا کی راہ مین دینا ادھر ادھر لینا

روا روی پہ ہی ہر موج بحر عالم مین
جو دم بھرائے حباب تو ذرا ٹھہر لینا

اشارے وزد حنا سے ہین گوہر کے
جو کٹ سکے نہ گرہ جیب ہی کتر لینا

یہ سادہ لوح ہی کیا آئینے کی صورت کو
بگاڑنا ہو جو منظور بن سنور لینا

منہ بھی ٹوھا نپا ہیت عاشق پہ جو — دیکھکر آنکھیں کھلی شرما گیا
زنگ خط کا دل سے جانا ہی محال — مورچہ اس آئینہ کو کھا گیا

میکشی ای شاد کرنا چاہیے
میکدے پر ابر رحمت چھا گیا

بحر رمل مسدس محذوف — فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

تیغ کھینچے وہ جہان کافر گیا — مثل ابرو میں جھکا سے سر گیا
وصل کی دولت ملی روشنے خاک — چشم تر پر اور پانی پھر گیا
مژدہ باد ای نامرادی مژدہ باد — ایکدل سو حسرتون مین گھر گیا
سخت جان وہ ہون کہ دو حریونکے ستا — مڑ گئی تلوار خنجر گر گیا
اشک بلبل سے یہ پہونچا فیض کو — تنکا تنکا آشیان کا تر گیا
جاے گریہ ہے مری افتادگی — اشک تھا چشم جہان سے گر گیا

ہون وہ بے روزی جو ہاتھ آیا بھی شاد
سبحہ کا سو بار ورنہ پھر گیا

بحر رمل مسدس محذوف — فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

کہ جو مجنون وہ بت کا فر گیا — کچھ تو مجھ لاغر پہ پانی پھر گیا

کندنی رنگ حسینان پہ جو والا ہوتا	لقمہ غم مجھے سونے کا نوالا ہوتا
خون عشاق کا کمتے جو حنا کے بدلے	رنگ ہاتھوں کا پھر ای شوخ نرالا ہوتا
اک مجھی زہر میں اک تیغ لگا تا سادی	یہ ہرا زخم تو وہ زخم دل آلا ہوتا
دعوی آئینہ سازی سکندر کرتے	شیشۂ دل جو شکستہ کوئی ڈھالا ہوتا
رنگ نوروز میں کھیلے تھے جو ہمراہ رقیب	خون عاشق کا مری جان اچھالا ہوتا
وہ بلا زلف ہے کچھڑی بھی جمع ہوتے مر بال	کوڑیالا کوئی ہوتا کوئی کالا ہوتا
کیا غم رزق جو پتھر بھی فلک برساتا	آب و دانہ سے نہ خالی کوئی نرالا ہوتا
نیم بسمل تو ہمیں کرتا وہ حسین بے شمشیر	نیمچہ نیم نگہ کا جو سنبھالا ہوتا

یہ وہ ہی میکدۂ دھر کہ جسمین ای شاد
چشم جمشید کا حلقہ بھی پیالا ہوتا

بحر رمل مثمن محذوف	فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
گر نہوتا موت کا ڈر پھر تو کیا تھا کچھ نہ تھا	جین کرتے زندگی بھر پھر تو کیا تھا کچھ نہ تھا
عشق میں ملتے مرے منڈھا جو سر پھٹتا جنون	کوہکن لیتا جو ٹکر پھر تو کیا تھا کچھ نہ تھا
بے اجل میری طرح مرتے اگر خضر و مسیح	زندگی ہوتی جو دوبھر پھر تو کیا تھا کچھ نہ تھا
کھیلتا ہاتھوں پہ کالا گیسوئے خمدار کا	یاد اگر ہوتا یہ منتر پھر تو کیا تھا کچھ نہ تھا

بحر متقارب مثمن محذوف
فعولن فعولن فعولن فعل

بحر متقارب مثمن محذوف
فعولن فعولن فعولن فعل

چمن بوئے گل سے مہکتا رہا
قفس مین مین حسرت سے تکتا رہا

جو روبھی چکا چشم خونبار سے
لہو جیسے رینی ٹپکتا رہا

تڑپتا بھی چھوڑا نہ سفاک نے
چھری دی جو کہ ی سسکتا رہا

نہ نکلا جگر سے کبھی خار غم
یہ کانٹا ہمیشہ کھٹکتا رہا

وہ حسرت زدہ ہون کہ ہنگام نظم
جو موزون ہوا شعر سکتا رہا

کھلی ایکدن بھی نہ دل کی کلی
سدا غنچۂ گل چٹکتا رہا

وہ شاعر ہون دیوانے پن مین بھی شاد
جو کچھ دل مین آیا وہ بکتا رہا

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف
مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

وحشت مین حسب دل کوئی صورت بہل گیا
تنگ آکے مثل جامۂ کہنہ نکل گیا

دکھلاکے بام پر وہ تجلی نکل گیا
دیکھا جو یہ فروغ مرا طور جل گیا

تڑپین برائے غیر جو کی دم نکل گیا
کاجل وہان بہا کہ یہان نیل ڈھل گیا

اللہ ری نامرادی فرط ہجوم یاس
یہ حسرتون کی بھیڑ ہوئی دل کچل گیا

رویا جو غم سے مین یہ ہوا آب دل
پانی مین پڑکے جیسے بتاسا پگھل گیا

جو کا فریب سے نہ کبھی وہ قمار باز
چوسر کا بھی جو شغل کیا چال چل گیا

مین رو دیا تو آئی چشم تر غم نہین
غبار دل یار تو ہو گی
اسے حق مین کانٹے [illegible] بوئیگی
رقیبونکو ہم ظالمان دکھائے تو دیگی
بس اتنا سا تجکا منھ ہوگی
چمن مین وہ غنچہ دہن جو گی
فعولن فعولن فعولن فعل

بحر تقارب مثمن محذوف

مجھے اب بھی نادان یہ کیا سوجھا کا
تغافل مین اوس شاہ گذری سو گذری

ہم بے پرون کی بال فشانی محال ہی	چھوٹی کلی تو شہپر پرواز جل گیا
بہر شکار جب طلب اوس ترک نے کیا	مین تیر سا ہدف کے لیے سر کے بھل گیا
اعضا ساشال برف ہوی آہ سرد سے	جھونکا صبا کا دل کی صراحی کو جھل گیا
پوچھا جو مینے دلکی لگی کس طرح بجھے	پروانہ گر کے شمع کے شعلے پہ جل گیا

سرگشتہ وہ ہین گوشہ نشین بھی ہوی جو شاد
سارے جہان مین نام ہمارا نکل گیا

بحر تقارب مثمن سالم

فعولن فعولن فعولن فعولن

سرفراز کو ڈر نہین عیب جو کا	اوسی پہ پڑا اسنے گردونیہ تھوکا
غنیمت ہی پیکان سرخ اوس نکو کا	یہی دل مین ہی ایک قطرہ لہو کا
مجھے جامۂ عیش کی یہ کمی ہی	کہ ہیتون قبا ہے بدن ہو شلوکا
طبیبو نہین وہ نیش نوش غرہ ہون	سنون پی گیا جو عرق گو کھرو کا
جو چھو نکے نہ گلچین مرے آشیانکو	لگا کے بہار آتش گل سے لوکا
گل تر بھی دیکھے تو ہو خاک جل کر	یہ رنگت مین وہ شعلہ رو ہی بھبو کا
کہون کیا شب وصل ٹھر یا لیونکی	گجر سے ملا یا گھڑی کو جو کوکا
نظر جسنے کی گلرخون کے دہن پر	نہ اوسنے کبھی منھ پہ غنچے کے تھوکا

تجھے عیسی کی یاد آئیگی
پھنسا اس مین جو عمر بھر کو گئی
یہ دنیا و دین سے الجھن ہی جہان
ہر اک زخم خندان لہو رو دیگی
او دیکھا ہی ہاتھون عذاب گئی

[illegible]

مستفعلن مفاعلن مستفعلن مفاعلن

[illegible]

بحر خفیف مسدس مخبون مقطوع

فاعلاتن مفاعلن فعلن

مسافر خانۂ دنیا مقام ہوشیاری ہے
لگا ٹپکار ہا اشکون کا بے ساقی کے اسیر بھی
جو اشک ایذا رسا ہین چشم تر کی عین راحت ہے
وہ طائر ہون قفس مین بھی دیدۂ گل کا لپکا ہے
جہان مین پا تراب حسن خلخال حسینان ہے
کہین ٹھہرے نہ ہم اک لحظہ گردش سے مقدر کی
یہ دل مجروح ہے شمشیر ابروے ملیحان کا

قیامت آگئی فردا یہان پڑنے کو ہے ڈانکا
چھلی دلکی صراحی دیکھے جام چشم پر ٹانکا
کہ خون دل ہے ین اطفال ٹھنڈا ہو جگر مانکا
ذرا غافل ہوا صیاد ادھر تاکا ادھر جھانکا
یہی دیتا صدا ہے ہر قدم پازیب کا ٹانکا
جہان مین ہر طرف ہمنے سمند عمر کو ہانکا
کہ جسکی ہر دہان زخم نے سیرون نمک پھانکا

مثل شاہد ہے یہ اے شاد ہم کچھ ہیچ زبانو نکی
زبان شیرین ملک گیری یہان ٹھہری تمک پانکا

بحر ہزج مثمن سالم

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن

نہ نکلا جیب کوئی گریبان مرے پر مجھے پیارا مانکا
جنون نے جیب رکھا تار کوئی جیب دامانکا
حجاب ایسا ہے اوس پردہ نشین کو دیدبازو نسے
چھپاؤن واعظو لیا مے ٹپی ہے میری گھٹی مین
جو بند آنکھیں ہیں خواب اجل سے پر نہ چونکیں گے

ہزارون آرزوون نے مری میت پہ منھ ڈھانکا
لپٹکر سایۂ تن نے مرا عریان بدن ڈھانکا
کھلی آنکھیں جو دیکھیں میت عاشق کی منھ ڈھانکا
وہ میخوار ازل ہون خم رز کا جسنے سر ڈھانکا
کفن کی تانکر چادر جہان مرقد مین منھ ڈھانکا

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

بحر رمل مثمن مخبون محذوف

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

پاس اوس بت کے جو غم اسکے کبھی بیٹھ گیا
درد او ٹھا یہ مسیحا سے جبین کبھی بیٹھ گئی
عشق ہم کا نہین ہم اور ون نے لگا کر لواے
عیسی قربان مین جو دیکھتی کبھی بیٹھ گئی
جب رقیب او سکی ہمیشہ لگے ارکان نماز
ظلم کر ون کبھی اوٹھا مین کبھی بیٹھ گئی
ای جلا سا نہ کبھی ٹھیرہ ضعف ای ہوگی
زانوے آئینہ دل مین جو ذری بیٹھ گئی
دست پا ہو گئے مین ہم وار مین لاگر
یا طپی چہرہ رنگ پیش اوسکے جھکا بیٹھ گئی
چشمہ گرد وہ ہوا اس سے نکلا کوئی
اس کنوئین مین جو گر اوے نہ بیٹھ گئی
ظالم کیونکر نہین لیتے ہی وہ دل دیکھین تو

خط عارض جو ترے شیشے سے ٹہرے یہ محال	چھیلنے سے نہین قسمت کا لکھا چھل جاتا
چھوڑتا عید کے دن بھی نہ گرفتارون کو	صورت طوق گلوگیر گلے مل جاتا
جب چمکتی ہی تری تیغ تبسم ای گل	دہن زخم ہی غنچے کی طرح کھل جاتا
دل مین ہوتا نہ مرے دخل بلا کا کل	سایہ رہتا نہ کبھی گریہ مکان کل جاتا

رعشہ اندام ہون یہ خوف خدا سے ای شاد
کوئی مجرم ہو کلیجہ ہی مرا ہل جاتا

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

دیکھکر روے صنم کو نہ بہل جاؤنگا	مرتے دم لیکے سنبھالا تو سنبھل جاؤنگا
تن کفن پوش تو ہوا اور رہی پیراہن مین	او جلے کپڑے مین بدلتے ہی بدل جاؤنگا
چمن دہر مین وہ برگ خزانی ہون مین	گرنہ برباد ہو آگ مین جل جاؤنگا
ہون وہ ثابت قدم ای چرخ جو بیچال کبھی	چاہے ٹل جائے زمین مین نہین ٹل جاؤنگا
مین وہ افتادہ چشم و نظر عالم ہون	پاؤن پکڑیگی زمین بھی تو پھسل جاؤنگا
ساز و سامان طرب کچھ نہ اگر ہاتھ آیا	چھانچھ ہو کر کف افسوس ہی مل جاؤنگا

شاد بہکون نہ کبھی نشۂ دولت ہو ہزار
کچھ مین کمظرف نہین ہون جو ابل جاؤنگا

بحر مدید

بحر مدید مثمن سالم

فاعلاتن فاعلن فاعلاتن فاعلن

ہے پیالہ جو دہن نازنین سے آئی تہ
پھیلتا ہی جو کھلا ای قسمت عطا
کھینچ بیٹھی کی سر بے حال ہوا
ناتوانی سی کا خیال ہوا
بال مرا طور کی شمع سے ال ہوا
جب بیٹھ ووچا جلا تو جال ہوا
عیب گنے گی اور جو تیکتا حسن
نذر آیا شعبے سے مال ہوا
بحر دن جب سے لگی دو آن مین
جنہیں میں آنکھ آنکھ نہیں ال ہوا
وہ دیکھا کہ دل بے لوث
سیل ذری کا اجل کو دو حال ہوا

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

ہم جو روے نہ عشق و ندا نہین	شہر مین موتیون کا کال ہوا
وہ تو جیسی ہی ہاتھ مین جو لیا	سنگریزہ تنک اوڑکے لال ہوا
ہجر مین کھائی جو گلوری بھی	ریشہ بالون کا زہر بال ہوا

مگس و مور بھی ہوا جو مین شاد
بے چھُری کے گلا حلال ہوا

بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف

مفعول مفاعیل مفاعیل و فعولن

رکھتے ہین فقیری مین دماغ اہل دول کا	ہم جھونپڑے مین دیکھتے ہین خواب محل کا
شبنم سے لڑاتا ہی مجھے روگ سبل کا	ای چشم تر اک پل نہ تھمے اشک کا ڈھلکا
شمشیر زبان یار لڑائے تو مزا ہی	چسکا دہن زخم کو ہی تیغ کے پھل کا
رونے سے جو دل صاف ہو خاطر ہو شگفتہ	بے بارش باران نہ کھلے پھول کنول کا
کیا نشہ زر دل مین کمینہ کے سمائے	مملو جو ہوا جام تنک ظرف وہ چھلکا
پوچھا جو شباب بشری چشم فنا سے	پلکون نے صدا دی کہ بھروسا نہین پل کا
جی مین ہی گداز دل صاف و سکو دکھائین	ملجائے حباب مین جو کوئی آئینہ دل کا
کیا جائے پھرے حسن جوانی دم پیری	ہی خط نے لیا عود جوانی کا مچلکا
چل پھر مین جو مین عضو بدن شک نہین آئے	یہ آدم خاکی بھی ہی پتلہ کسی کل کا

نظم

گلگیر و شمع مین رہے ہر شب جلی کٹی	محفل نشین کوئی پتنگا گل کتر گیا

ای شاد کمسنی سے نکالی جو اوسنے پاؤن
جوبن نے پھر اوسے جو ابھارا ابھر گیا

بحر مضارع مثمن اخرب محذوف
مفعول فاع لات مفاعیل فاع لن

کس گل کا پوست ناخن رنگین سے چھل گیا	لالہ لہو لگا کے شہیدون مین مل گیا
نالان جو مین سفر مین ہوا کانپ دل گیا	فریاد جب غریب نے کی عرش ہل گیا
بلبل اگر نصیب مین ہے تو دکھائین گے	گو لر کا پھول دل ہے ہمارا جو کھل گیا
وہ نالہ کش ہون اک نئی ناقوس پر نہین	بخشین جو بلبلین تو ہزارون مین پل گیا
کامل ہے فن سنگ تراشی مین کوہکن	سر پھوڑ کر تراش غم وہم کے سل گیا
رونے مین ہے تلاش دل ای چشم بیحصول	اک قطرہ تھا لہو کا سو دریا مین ملگیا

مجمع یہ عاشقون کا ہے اوسکی گلی مین شاد
جب سانس لی تو پیسے کھوا اٹھکے چھل گیا

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف
مفعول فاع لات مفاعیل فاع لن

دزد حنا دکھاتے ہی ہاتھ اوسے دل گیا	کھویا نہ چاہیے کہ نشان مجا و مل گیا
روکے ہزار چشم لپٹتا ہے دوڑ دوڑ	کیا طفل اشک ہے مرے دامن سے ہل گیا

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن

بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

دوچار ہو کے سہین کج ادائیان کیا کیا	لڑا کے آنکھ کو دیکھین لڑائیان کیا کیا
جو شب کو بام پہ آیا وہ طفل آتشباز	چھٹی ہین ماہ کے منھ پر ہوائیان کیا کیا
یہ عشق کرکے نتیجہ ملا بھلائی کا	زمانے بھر کی اوٹھائین برائیان کیا کیا
ہرن ہو لئے وحشت دکھائیے آنکھین	غزال کرتے ہین دیدہ درائیان کیا کیا
شب فراق مین پہونچا نہ دادرس کوئی	دیا کیا مرا نالہ دہائیان کیا کیا
یہ نازکی ہے اوٹھایا جو پھول ہاتھو نے	کمر کی طرح وہ لچکین کلائیان کیا کیا

فریب دیکھ تو ای شاد جو فروشون کا
جہان مین کرتے ہین گندم نمائیان کیا کیا

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن

کہتا ہے زخم خندان سن حال دل لگی کا	رونا سرشک خونی انجام ہے ہنسی کا
ہر عضو تن جدا ہو بے روح آدمی کا	مطلب کے اپنے سب ہین کوئی نہین کسیکا
ہر صاحب فغا نکے ناسور ہو جگر مین	سینہ چھنا ہوا ہے ہر ایک بانسلی کا
وابستگی غم کی یہ دل شکستی ہے	ٹکڑے جگر ہو جیسے پکسی ہوئی کلی کا
پامال قد بالا سلبے جو ہون ارم کو	مین بڑھ کے راستا ہون سیدھا ہی گلی کا

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

قبر مین پہونچا گئے ہنکر پرائی سب عزیز
یہ کرے تیر نگہ سے صید وہ خود ہو شکار
زلف پیچان کی جو کی تعریف کھا کر پیچ و تاب
تیغ جس قاتل نے کھینچی کر دیا سینہ سپر

وصل کا جھگڑا فقط دو دکھا دو وطن مین رہگیا
پیش چشم یار عیب اتنا ہرن مین رہگیا
بات میری غیر موذی لیکے من مین رہگیا
دب کے مین کس کج ادا بانکپن مین رہگیا

سکۂ اشعار اپنے سب سے رائج نہ شاد
جو ہوا ٹکسال باہر وہ چلن مین رہگیا

بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع	مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن
نہین دو رنگی کاکل مین دخل کالون کا	سپولیا ہی ہر اک بال کو ڑیالون کا
فغان بلبل نالان ہی شور نالون کا	ہجوم داغ سے میلا ہی پھول والون کا
کیے ہین فرش زمین چرخ نے آہوے چشم	اگر گیسو نکا بچھونا ہی مرگ چھالون کا
سوال وصل کا لپکا کبھی نچھوٹے کا	مزا پڑا ہی مجھے بھینگ کے نوالون کا
جو ابر گور غریبان پہ ہو نہ سایہ فگن	تو مکریان بھی نہین شامیانہ جالون کا
یہ نازکی ہی بنائے جو گل وہ گل تکیہ	نہ رونگٹا بھی ہو میلا روئی کے گالون کا
ہوا ہون کشتۂ خط سبز جو فروشانکا	مرا جنازہ نہین تعزیہ ہی پالون کا
یہ کو دکون کو صدا دلفریب سیتے ہین	خریدیو یہ کھلونا ہی بھولے بھالون کا

قتل اغیار پہ بیڑا جو اوٹھانا ٹھہرا	خون بہانے کا ہمارے یہ بہانا ٹھہرا
دل بتیاب تپ غم سے بیمار اٹھہرا	قایم النّار ہوا آگ پہ پارا ٹھہرا
مجھسے اے طفل حسین ڈر کے چھپاتا ہی جو منھ	بنی آدم نہوا مین کوئی ہتّوا ٹھہرا
گردش چشم سے عالم تہ و بالا جو ہوا	آسمان دیدۂ مردم مین ہنڈولا ٹھہرا
آتشین رخ پہ نمودار ہوا خال سیاہ	یا کوئی آگ پہ اسپند کا دانا ٹھہرا
آدمی بھی جو ہوا مین ہمہ تن گرد ملال	مثل تصویر گلی خاک کا پتلا ٹھہرا
سوز دل سے جو طپان دل ہو سکون ہی اکسیر	کیمیا بنگئی جب آگ پہ پارا ٹھہرا
دختر رز نے لیا جبسے شگون بھر و صال	دوڑ کر نام پہ میرے وہ کٹورا ٹھہرا
خانہ آباد جنون ہو کہ الٰہی جبس سے	پاؤن رکھنے کا تو جولان مین ٹھکانا ٹھہرا
عشق کافر کا سیہ کار بنا یا تو کیا	کاجل آنکھو نمین جو اوس بت کے نہ سرمہ ٹھہرا

ادھر آیا اودھر ای شاد گیا عہد شباب
نوجوانی نہوئی کوئی چھلاوا ٹھہرا

بحر کامل مثمن سالم	متفاعلن متفاعلن متفاعلن متفاعلن
یونہین گرم ہو ہو کے بزم مین کبھی داغ دل کو بنا دیا	ملی مثل شمع نہ مفت جب ہمین دل لیکے جلا دیا
ہوس نمود بھی جیتے جی بس مرگ قبر بھی کھد گئی	رہی آرزو بھی نہ نام کی کہ نشان فلک نے مٹا دیا

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

جب طلب اوسنے کیا بہر ہدف	تیر سا سینہ مین سر کے بل گیا
تختۂ تابوت ہی تخت روان	آج لی لکھی جنازہ کل گیا
اوٹھ رہا ہی آہ سوزان کا دھوان	دل تپ ہجران سے شاید جل گیا
جب وہ بوسے کوئی شعشہ چھوڑ دے	غیر پر اپنا تپنچہ چل گیا
ہون وہ غمخوار ضعیفان جہان	جب کوئی چیونٹی پسی دل ہل گیا

چونک غافل شام ہونے آئی نشاۃ
نوجوانی جا چکی یون ڈھل گیا

بحر رمل مثمن محذوف	فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
کیون کہے کوئی کہ مال اوس بت نے مارا کھل گیا	دل گیا میرا کسی کی کیا گرہ کا کھل گیا
گفتگو جب کی دروغ اوسنے مغا کھل گیا	ہو گیا قفل وہن جس وقت چھوٹا کھل گیا
اک بلا سے ملی تھی دوسری نازا ہوئی	زلف کا باندھا جو اوس کافر نے جوڑا کھل گیا
تو وہ قاتل ہی ترے کشتو نکے تربت پر مدام	تیغ کی صورت جھما جھم ابر برسا کھل گیا
کندنی رنگو نپہ کیا ہی میں وہ ہون فرقت نصیب	سیل کتنا ہی کیا سونے کا جوڑا کھل گیا
لاکھ روکا پر تھمی اک پل نہین باشک روان	یہ وہ دریا ہی جب اسکا باندھا کھل گیا
جان سے جاتا ہی جو لیتا اودھر کی راہ ہی	کچھ نہ کچھ ہی گوند کی نہر مین کٹکا کھل گیا

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

کھل گیا دم بھر ہی مہمان ذی فروغ تھا فروغ
جب شرر جگنو کی صورت اوڑکے چمکا رہگیا

وہ اسیر دام کاکل ہون کہ جب پانی پیا
جو گلے سے گھونٹ اوترا پڑکے پھندا رہگیا

منتظر وہ ہون کبھی جسکی پلک جھپکی نہین
چشم روزن بھی بنا تو راہ تکتا رہگیا

ہی جبھی تک آبرو جب تک ہی پاس آبرو
ڈھل گیا پانی جہان آنکھو نکا پھر کیا رہگیا

چشم تر سے دھوتے دھوتے مر مٹے ای شاد ہم
داغ الفت کا لگا پر دلمین دھبا رہگیا

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

شب تیرہ کا ہی دھوکا نہ گھٹا کالی کا
اوس کمند صیا کی ہی زلفون پہ گمان کالی کا

جب غم مانی سے شبیہ دل پر داغ کھنچی
نقش کھینچا وہین پھولونسے بھری ڈالی کا

کیا ترے چہرۂ گلگون کو کہون صورت ماہ
پھیکا شلغم ہی کہین نام نہین لالی کا

طائر جان کی مرے پر بھی رہائی ہی محال
ہر طرف جال ہی قبرون پہ گھرا جالی کا

تال یون ہو حق صوفی پہ ہین دیتے قوال
شورش بوم پہ جیس طرح ہو غل تالی کا

قم سے عیسی ابھی جیلانے سے ہین جسکے مجبور
اوسکو زندہ کرے اعجاز تری گالی کا

ستواضع ہو جو خواہش ہی برومندی کی
سرنگون باغ جہان مین ہی پھلی ڈالی کا

وصل دس سہ کا کسی شب نہین ای شاد نصیب

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بتکدہ تھا جب ہزارون خوبرو آباد تھے
کعبۂ حق پہلے یون ویران کیا تھا کچھ نہ تھا

آشنا نا آشنا دو تو تھے اک نقش کہ آب
جان کیا تھا کچھ نہ تھا انجان کیا تھا کچھ نہ تھا

جان و دل کیا دیدیا سمجھو تو سب کچھ دیدیا
اور اگر مانو نہ یہ احسان کیا تھا کچھ نہ تھا

اب ہی معبود برہمن ای زہے اعجاز حسن
ہر صنم پہلے خدا کی شان کیا تھا کچھ نہ تھا

دیکھکر حسن بتان اپنے خدا سے پھر گیا
برہمن بے دین کا ایمان کیا تھا کچھ نہ تھا

غم کے آنیکا نہ دل مین ایکدن مانع ہوا
طوق گردن حلق کا دربان کیا تھا کچھ نہ تھا

مثل شبنم ہر روش اس باغ مین بے زر کٹی
خندہ زن مانند گل اک آن کیا تھا کچھ نہ تھا

حال دل کیا پوچھتے ہو بہہ گیا اشکونکے ساتھ
اک لہو کی بوند تھی انجان کیا تھا کچھ نہ تھا

کھل گیا جب بند آنکھین بادشاہونکی ہوئین
خواب تھا سب عیش کا سامان کیا تھا کچھ نہ تھا

اوس سے بہتر اور کہہ لینگے اگر زندہ ہین شاد
کھو گیا پہلا جو وہ دیوان کیا تھا کچھ نہ تھا

بحر مجتث مثمن مخبون محذوف
مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

خدا کے سامنے جب قتل کا بیان ہوا
بتون کے ہاتھ کا خنجر مری زبان ہوا

جب اوسکے خون رلانیکا امتحان ہوا
ہنسا جو زخم جگر وہ لہو لہان ہوا

وہ مٹ رہا ہون کہ خود مٹ گیا وہ گھس گھسکے
نگین پہ بھی جو مرا نام کو نشان ہوا

یہ غزل بین بین کچھ فرق اصلاح ہو گیا

بحر رمل مثمن مخبون محذوف

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

موج دریا ہوگئی سنبل وہاں تا سور کی — پھوٹ بہنے کو حباب ایک ایک چھالا ہو گیا

دل سیہ ہے سیم اندام ونکی قلعی کھل گئی — چہرہ دارونکو جو پرکھا ہاتھ کالا ہو گیا

ملکے ہونٹون پر مسی جسدم ہنسا ای شاد وہ

برق جو چمکی اندھیرے مین اوجالا ہو گیا

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

جو سنیۂ نور صرف وصف قد بالا ہو گیا — بلبل سدرہ سے اوسکا بول بالا ہو گیا

فرش درویشی کیا جب اوس غزالی چشم نے — چرم آہو سے تہامہ مرگ چھالا ہو گیا

سر پہ دونو ہاتھ رکھکے اوسنے انگڑائی جو لی — چہرہ مہتاب کے گرد ایک ہالا ہو گیا

دید کے قابل ہے تاثیر سیہ بختی مری — آنکھ پڑتے ہی سپید کمل دوشالا ہو گیا

لو یہ آب آتشین کی ہجر ساقی مین لگی — آتے ہی ساغر مرے ہاتھونکا چھالا ہو گیا

ملکے مہندی پاؤنمین پہنا جہان اوس شوخ نے — آتش رنگ حنا سے بوٹ کالا ہو گیا

نزع مین آنکھین جو مجھ مجنونکی پتھرانے لگین — سنگساری کے لیے ہر اشک ژالا ہو گیا

اوس بہم خوبی کے غم مین تن بدن لیا گھلا — بڑھکے پانی سے ہمارا حال پتلا ہو گیا

مونہی رخکے ہو سبب دنشین ہندو سے خال — کعبۂ دل بت پرستون کا شوالا ہو گیا

یہ غزل ای شاد گو بڑھکر قصیدہ ہو گئی

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

تماشا ان آنکھوں نے کیا کیا نہ دیکھا

بحر رجز مسدس مطوی مقطوع

مفتعلن مفتعلن فاعلن

[illegible]

دم قفس کیون نہ کرے کشمکش حسرت و یاس	اک دل تنگ مین ارمان سمائین کیا کیا
مین وہ محروم خوشی ہون کہ مجھے میرے نصیب	زخم سان بھی جو ہنسون غنچۂ لائین کیا کیا
ہجر مین خواہش دل جو کرے ہم آنسو	ساغر چشم مین بھر بھر کے پلائین کیا کیا

وہ بلانوش ہین اے شاد مزے لیکے
رنج و غم درد و الم ہجر مین کھائین کیا کیا

بحر متقارب سالم

فعولن فعولن فعولن فعولن

جو اے بت تجھے جلوہ فرما نہ دیکھا	برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا
تمنا رہی وصل رویا ہی مین ہو	کسی شب کوئی خواب ایسا نہ دیکھا
نہ پیدا ہوئی لو ہمسے ہنگام تزئین	کس آئینہ نے منہ تمہارا نہ دیکھا
گرا اوس مین جو آشنا مر کے نکلا	ذقن سا کنوان کوئی اندھا نہ دیکھا
وہ محروم دیدار ہون بنکے پتلی	جو آنکھون مین بھی وہ سمایا نہ دیکھا
یہی غم رہا اوسکی ہمرن جیسے سے	جو منکا ڈھلا استخارا نہ دیکھا
دم مرگ اچھا کیا تم نہ آئے	بھلے کو برا حال میرا نہ دیکھا
تو اے دُر یکتا وہ نور احد ہے	وہ مین نے بھی جسم کا سایا نہ دیکھا

سدا دیدہ باز مین اے شاد گذری

مخمس

[illegible]

بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

[illegible]

جو سر کے بھی جو شغل میں پھینکے وہ رات باز	سب بھا پڑے نصیب کا پانسا اولٹ پلٹ
اہل زمین کی کیون نہ کٹے انقلاب مین	ہر دم ہی آسمان کا ہنڈولا اولٹ پلٹ
مضطر وہ ہین کہ شیشۂ ساعت مین ہر گھڑی	مرنے پہ ہی غبار ہمارا اولٹ پلٹ
بدلے جو وہ بت ستلون نگاہ کو	ہو منقلب جہان زمانا اولٹ پلٹ
شمّہ جو بیقراری دل کو رقم کرون	ہو دفتر جہان ابھی سارا اولٹ پلٹ
مر کر جو پوست بھی ہون اسکی نجات	گرتے ہی او تھ کھڑا ہو نہین سیکہ اولٹ پلٹ
قاصد جو بیقرار ہی مجھ بیقرار کا	ہو من کبوتر اک نہ ہو ایسا اولٹ پلٹ

ای شاد جب سے ورد سخن کی بنا ہوئی
ہمنے کتاب عشق کو دیکھا اولٹ پلٹ

ردیف تاء مثلثہ

بحر تقارب مثمن مقصور	فعولن فعولن فعولن فعول
کلام خدا ہی سخن یا حدیث	تری بات ہی بت ہی آیا حدیث
کیا جسنے ذکر شراب طہور	وہ بنت العنب کی ہین سمجھا خبیث
کتاب مبین اوسکا مکتوب ہی	بیان اوسکے پیغام بر کا حدیث
کہا شام گیسو کو لیلے اگر	شب قدر کی اوسپہ لایا حدیث

ردیف جیم فارسی

بحر ہزج مسدس اخرب مقبوض مقصور — مفعول مفاعلن مفاعیل

عشق رخ و زلف مین کیا کوچ
شب آ کے رہا سحر کیا کوچ

خیاط نفس کا ہو عجب کوچ
درزی کا ہی کیا مقام کیا کوچ

جب موج رواں کہین نہ ٹھہری
دم لیکے حباب کر گیا کوچ

ہر دم ہی روانہ عمر انسان
ہر ایک نفس ہی کر رہا کوچ

پروانہ جلا تو شمع بولی
تیرا ہی ادھر اودھر کا کوچ

وہ سوزن ساعت وان ہون
کرتی ہی جو ہر نفس سدا کوچ

گھنگھرو دم نزع بولتا ہی
آواز جرس نے دی ہوا کوچ

ہم ساتھ تھے پا شکستہ جسکے
لشکر وہ جہان سے کر گیا کوچ

شب بھر ہی فروغ شعلہ ای شاد
ہنگام سحر ہی شمع کا کوچ

ردیف حاء حطی

بحر مجتث مثمن مخبون محذوف — مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن

گھڑی بھی نہ شب وصل جب پہر کی طرح
تو کان خود مرے بجنے لگے گجر کی طرح

ردیف دال ہندی

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف مقصور

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات

حنا رچی ہی غضب کی کف حنائی مین بلائی جب مو گلگون رقیب کو تونے	ہو جیوٹ پنجہ مرجان یہ ہاتھ لاای شوخ لہو کا گھونٹ مین اک پیکے رہگیا ای شوخ

یہ قول شاد ہی رنگین ادا ہی جو معشوق
وہ شوخیان جو کرے وس پہ ہی جو ہزار ای شوخ

ردیف دال مہملہ

بحر مجتث مخبون مقطوع	مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن
نثار مین ہون تری آن بان پر قاصد	پھرا نہ کھیل گیا اپنی جان پر قاصد
قدم رسول کے دیکھے ہین پتھرونمین بنے	جو نا بلد ہی تو جا اس نشان پر قاصد
زمین سے پردہ اسرار تک شب معراج	پہونچگیا جو گیا آسمان پر قاصد
کبوتروں کو جو کرتا ہی دمبدم یونکے حلال	چھری نہ دے وہ تجھے اس گمان پر قاصد
فلک ماب وہ تو ہی کہ جبرئیل امین	کرین سجود ترے آستان پر قاصد
مرا کلام ہی قابل درود پڑھنے کے	ترا جو نام ہی میری زبان پر قاصد
کہونگا حشر کے دن امت پیمبر ہون	کھلے گا حال مرا امتحان پر قاصد
سناؤن کیا مین تجھے ہی یہی حقیقت حال	بنی ہی اوسکی جدائی مین جان پر قاصد
نبی کے بعد یہ قرآن سے ہوا ثابت	کہ نامہ دیکے سدھارا مکان پر قاصد

ردیف ذال معجمہ

بحر رمل مثمن مخبون مقصور

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلات

لب شیرین کا ملیحو تکے جو بوسا ہو لذیذ	اوس سے بہتر کوئی میٹھا نہ سلونا ہی لذیذ
کوئی دنیا مین نہین نعمت عظمیٰ ایسی	لقمہ غم کا جدائی مین جو کھاتا ہی لذیذ
انگبین مین نہ لبن مین ہی مزا ایسا بھی	اے صنم شربت دیدار جو تیرا ہی لذیذ
رزق بے منت گردون جو ملے مال سے	سوکھی روٹی کا بھی ہاتھ آئے جو ٹکڑا ہی لذیذ
تلخی موت روانی مین مزا دیتی ہی	اوس شکر لب کے تہ تیغ کا مرنا ہی لذیذ
من و سلوا جو خدا دے تو شراب و کباب	اکل و شرب اپنے فزون تر نہیں تا ہی لذیذ
لب سے عناب خجل چشم سے بادام خجل	چمن رخ کا جو میوہ ہی وہ ایسا ہی لذیذ
لذت وصل نہ اوسکا مزہ بوس و کنار	کیا کہے تارک لذات کہ کیا کیا ہی لذیذ
نیک و بد کیون ہو شمر نخل شجر قد والے	بدمزا ہی کوئی میوہ کوئی میوا ہی لذیذ

ہر نفس چاہیے شکرانہ نعمت ای شاد
نعمتین روز وہ رزاق کھلاتا ہی لذیذ

ردیف راء مہملہ

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف — **مفعول فاع لات مفاعیل فاع لن**

ای برہمن ہو سنکھ کے نالہ زبان پر	جون رنگینی نہین ہی کسی بت کے کان پر
عنقا زمین پر نہ ہما آسمان پر	دونو مٹے ہین اک کمر بے نشان پر

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن

اردو مین نہین قافیہ ای شاد حرف
اصلی ہو کہ وصلی ہو کوئی ہو تو سہی یہ

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع	فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
اپنی ایذا مین کٹی یون تہ و بالا ہو کر	کہ اوٹھے درد سے بیٹھے کبھی پھوڑا ہو کر
نیش زن ہو جو وہ مژگان خلش آرا ہو کر	لپٹے ہر موے بدن جھاڑ کا کانٹا ہو کر
اوسنے افشان جو چنی رات کو تنہا ہو کر	آسمان ٹوٹ پڑا مجھ پہ ستارا ہو کر
بھولین محلون پہ نہ منعم سگ دنیا ہو کر	ہڈیان قبر مین رہ جائینگی چونا ہو کر
سچ تو یہ ہے وہ فریبی جو ریاسے رویا	گر پڑا ہر دُر اشک آنکھ سے جھوٹا ہو کر
وہ جلے تن ہون مرے پر بھی جو مٹی مین ملون	گرد باد اوٹھنے لگین آگ بگولا ہو کر
سرفروشی مین وہ کامل ہون کہ ہر طفل ستائے	مرکے بکتا ہون مین مٹی کا کھلونا ہو کر
کیا ضعیفی مین ہو پیراہن ہستی کو ثبات	جامہ تو رہے ثابت نہ پرانا ہو کر
مےکشی مین جو ہوا چشم خماری کا خیال	رہگیا جام ہتھیلی کا پھپھولا ہو کر
سرکشی سبزہ کے لیے پامالی ہے	پست ہو گا جو چلیگا کوئی اونچا ہو کر
عشق مژگان یہ موثر ہے جو کھیلون جو سر	ہاتھ پانسہ بھی اگر آئے تو کانٹا ہو کر
پھر نہ تڑپون مین اگر دل کو قرار آجائے	پھوٹ جائے دل بیتاب جو پھوڑا ہو کر

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاع لاتن مفعول فاع لاتن

بحر متقارب مثمن مقبوض اثلم

فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن

شب غم سے یہ دل خون ہی جو انسو خشک ہوتے ہین — عوض اشکون کے انکھون سے لہو آتا ہی بہ بہکر

وہ گلچین بہاران ہی ریاض دہر مین جسنے — رکھا غنچے کی گٹھری مین قباے گل کو تہ کر

مین ڈرتا ہون تلے وہ تو ہین قتل عام کرنیکو — یہ نازک ہین کہ گہ بیٹھے کہین قبضہ نہ گہبرا کر

خموش اے بلبل نالان ابھی صیاد سوتا ہی — کہین جاگے نہ یہ فتنہ الگ گلشن سے چہچہ کر

یہ گل کھائے ہین تن پر شعلہ رخسار وںکے سو ہین — بنا سرو چراغان ہون سراپا داغ سہ سہ کر

وہ بخشے یا نہ بخشے بندۂ عاجز کو چارہ کیا

معاصی بخشوا اے شاد اسی ہر ہیچ کو کہ کہ کر

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

عندلیبون کے تو نالون سے بنی جاتو ہیر — جون بھی رنگی نہ گل تر کے ذرا کانون پر

جسم بھر مین رخ زیبا نہین محتاج لباس — جامۂ برہنگی قطع ہی عریانون پر

کیا برائی کی بتائین تو بھلا ایکے سوا — رکھ دیا ہمنے حسینون ہی کے ایمانون پر

کوئی جز تیغ گلے تک نہین آنے پائے — حکمران یہ ہو زبان حلق کے دربانون پر

پھٹ چکی جیب سحر ٹکڑے ہوا دامن گل — رحم کرا ہو جنون چاک گریبانون پر

خاک سے پاک کیا ہاتھ دیے پاؤن پڑے — شکر خالق نکرون کیون مین ان احسانون پر

تہمت بد سے بچو روے کتابی والو — حاشیے چڑھتے ہین اس دور مین قرآنون پر

مخمس

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

دور رخی کھنچ گئی تصویر جو گیسو ہو کر	حیرتی عکس بنائے گا ترا تو ہو کر
ناتوان وہ ہون رواں بھی جو ہوا جو ہو کر	جم رہا یخ کی طرح برف کا آنسو ہو کر
دام الفت یہ گلہ گیر ہی بیتا ہون جو آب	پھندے پڑتے ہین گلے مین مرے اچھو ہو کر
جرعہ ہی کی ہوس ہین دم توبہ شکنی	جب اوٹھے دست دعا رہ گئے چلو ہو کر
ہو گئے خاک وہ ذی شرم نزاکت والے	جنکی مٹی سے اوگے نخل لجالو ہو کر
مشتعل ہو لگی لگی یہ ہی پھنسا کر دل کو	نفس سرو جلاتے ہین مجھے لو ہو کر

ہوش وہ قلقل مینا نے اوڑائے ای شاد
واعظین رہ گئے مے پیتے ہی الّو ہو کر

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع	فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
تو نکلتا ہی جدھر ای مرے گلرو ہو کر	پھول والی وہ گلی بنتی ہی خوشبو ہو کر
نازش حسن نکر چرب زبان تو ہو کر	جو بن ای شمع ڈھلے گا ترا آنسو ہو کر
میرے رونیسے بہا کچھ جو غبار خاطر	جم رہا بیچ سمندر مین وہ ٹاپو ہو کر
مژہ تر پہ یہ لخت جگری کی ہی بہار	پھولتی شاخ ہی جیسے کوئی گھنگرو ہو کر
بے فروغ نکو جو تو بعد فنا شمع بنائے	جو پتنگا بنے اوڑ جائے وہ جگنو ہو کر
وہ جگر سوختہ ہون رہ گئی جسکی مٹی	کہین پھولجھڑی کہین جلتی ہوئی بالو ہو کر

بحر متقارب مثمن مقبوض اثلم
فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن

نکلتا نہیں آئینہ گھر سے باہر
وطن سے ہو نہیں زندگی بھر سے باہر
اولیسے خاک گھر میں جیتے ہیں بر سے باہر
نہو کاہ گرداب جگر سے باہر

نہ کر ہرزہ گردی جو ذی آبرو ہے
جنان سے ہوئی مدت آدم کو نکلے
وہ محروم دولت ہیں برگشتہ قسمت
گردش بخت کیسا لاغر و نکی

لڑاتے جو ہو شاد سے گھر میں آنکھیں
نظر ڈالو ہم پر بھی تیور سے باہر

بحر متقارب مثمن مقبوض اثلم

فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن فعول فعلن

ہوئی تو جاولمین وس صنم کی نماز میں سر جھکا کر
لحد میں کیا ذکر روشنی کا سر لحد بھی جو رحم کھا کر
نشان برباد گان عالم جو پوچھے صحرا میں ہم نے جا کر
جو چشم انجام بین سے دیکھا بہار دو دن ہی پھیر خزاں ہے
بتو نکی پر آب نظر ہو نہیں دکھلا دیئے دکھا جو پتلیو نکو
خیال حج حرم کو چھوڑا دست جو شہر گ سے ہے قرین تر

حرم سے بتخانے تک تو پہونچا خدا خدا کر خدا خدا کر
جلا گیا جب چراغ کوئی ہوا نے ٹھنڈا کیا بجھا کر
صبا اور اڑا کے گرد بیٹھے بگولے وحشے ہوا میں
تا گلشن پہ ہوئی شبنم ہنسے گل تر جو کھل کھلا کر
بیٹھے ہیں ہند و وہم جمن بھرتے گنگا چلی نہا کر
طواف دل ہی کیا کیے ہم گئے نہ کعبے کو پھیر کھا کر

زمین میں اے شاد مر گئے پر فلک دبانے تو کیا گلہ ہے
سیان تربت ہمارے پہلو ہمیں دبا ہیں مردہ پا کر

ریت سے شیشۂ ساعت کے لیے شیشا بھر		دیکھتا ہی جو تجھے یار غبار دل زار

پائے وصلی کی روی کرنہ بیان ابیات
عیب ایطا سے غزل شاد نہ والتسا بھر

فاعلاتن مفاعلن فعلن	بحر خفیف مسدس مشعث مخذوف
اللہ اللہ ای برہمن کر	کیا یہ بت بیٹھین گے خدا بنکر
سر کو کھینچا فلک پہ گرتن کر	ہوگا برباد مثل کاغذ باد
پھیر کر آنکھ کیج نہ چیتون کر	خنجر و تیغ کر گلے پہ روان
ایک مشت غبار بن ٹھن کر	ای تری شان ہوگیا انسان
چشم تر طفل اشک کو جن کر	پاک دامن ہی مریم ثانی
زلف پیچان سے بل نہ ناگن کر	دلکے ڈسنے میں ہی یہ کالا ناگ
اسم اعظم کی ورد سمرن کر	تو اگر ہڈیون کا مالا ہے

ہی یہ چہلی مزار شاد غریب
دھوپ آتی ہو لاش پر چھن کر

فاعلاتن فاعلاتن فاعلن	بحر رمل مسدس مخذوف
نالۂ بلبل پہ ای گل کان کر	گوش کر فریاد عاشق جان کر

ردیف شین معجمہ

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

دورہ بدنامی نہین جبتک ہی نفس اہرمن	آدمی ہردم یہی سمجھے کہ ہی شیطان پاس
غیر کے پہلو سے اوٹھکر بیٹھے میرے بھی قریب	کچھ تو کر عاشق کے احسانو نکا بے احسان پاس
عشوہ وناز وادا غارتگری کے واسطے	سیکڑون سامان ہین اوس فرعون بےسامان پاس
رزق قسمت کی گدائے عشق کو کمتی نہین	پارۂ نان کے بدل ہین لخت دل ہرآن پاس

خانہ بنت العنب ہی شادیہ نامی کا گھر
دور رہ اوس سے نہ جا اوسکے تو اے ناداں پاس

بحر مجتث مثمن مخبون مقطوع مسبغ	مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلان
شگفتہ ہوتے ہی مرجھا گئی کلی افسوس	بہار باغ ادھر آئی اودھر گئی افسوس
دم اخیر بھی کہنے نہ حال دل پائے	زبان بند ہوئی بات کرتے ہی افسوس
اسی بہانے سے منھ دیکھتے حسینون کا	صفائے دل ہوئی اپنی آرسی افسوس
حضور قیس ہین کر جنون مین کیا جائین	قبائے تن ہی سراپا نچی کھچی افسوس
وبال دوش رہا سر بھی ناتوانی سے	ملا نہ کوئی ہمین تیغ کا دھنی افسوس
نظر سے گر کے دل گم ہوا کہین نہ ملا	جنون مین خاک بھی چھانی گلی گلی افسوس
وہ کشتنی ہین جو ماہی کا بھیس بھی بدلا	حلال ہو گئے مچھلی سے بے چھری افسوس
مزار قیس پہ آئی نہ ایک لیلی کیا	کسی نے بات نہ پوچھی غریب کی افسوس

ردیف صاد مہملہ

بحر رمل مسدس محذوف	فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
ہم نے توڑا ہی جو بھینہ کا قفص	دام صیادون کا دیکھا یا قفص
بستنی کیا وحشیان ہین ای جنون	تار تار اپنا ہوا سارا قفص
دم بھڑک کر نکلے بے سیر چمن	یا الٰہی تنگ ہوا ایسا قفص
دام الفت مین ہین ہم جیسے پھنسے	خلق پھندا تھا نہ پیدا تھا قفص
آگیا صیاد جب انصاف پر	پھول کا بلبل کا بنوایا قفص
غنچہ و گل توڑتا ہی جس طرح	ٹوٹے گلچین پر یوہین میرا قفص
دم خفا ہو بستنی سے باغبان	بندھی سب کھولدے تھوڑا قفص

وائے قسمت پھٹ پڑی ڈالی وہ شاد
جسپہ لٹکا یا گیا اپنا قفص

ردیف ضاد معجمہ

بحر رمل مسدس مقصور	فاعلاتن فاعلاتن فاعلات
جو ہوا قد کشیدہ کا مریض	وہ ہوا سوے لحد لمبا مریض
ناتوان ہین سے ہی لیتا نوک کی	یہ ہوا ہی سوکھ کر کانٹا مریض
بال سے باریک جسم زار ہی	لٹ گیا ہی زلف کا ایسا مریض

جو تری سبزہ شمشیر سے مجروح ہوا
عمر بھر اوسکا رہا زخم ہرا ای نوخط

خوش بیانی پہ ہین زہر اہل سخن کھائے ہوئے
خوب طوطی ہو ترا بول رہا ای نوخط

جس حسن کو سبز جوانی نے کیا
خط ترے رخ پہ نمودار ہوا ای نوخط

اب قرآن ہی سناتا نہ حدیث آکے رسول
ترک یون نامہ و پیغام کیا ای نوخط

گلشن عشق کی راہین ہین سب اسمین تحریر
خضر سبز قبا خط ہے ترا ای نوخط

خط رخ صاف پہ بیہودہ نہین آیا ہے
کس سے یہ خط و کتابت ہے بتا ای نوخط

بسم الحمد ترے خط سے ہوئے بال سفید
دھو گیا نامہ اعمال ترا ای نوخط

رقعہ شادی کے رقیبونکو ہین صاف جواب
تیرے لکھنے کا طریقہ ہے نیا ای نوخط

خط مشکین نہ چھپا کرکے حنا سے رنگین
شاد کے خون کے محضر کو دکھا ای نوخط

ردیف ظاء منقوطہ

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع — فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

بولا بادہ کشون سے نہ ذرا ای واعظ
کان پکڑونگا جو قلقل کو سنا ای واعظ

دختر رز کو جو کہتا ہے برا ای واعظ
اس عفیفہ نے ترا کیا ہے کیا ای واعظ

جام کوثر کی جو خواہش ہے دم بادہ کشی
بزم رندان قلح نوش مین آ ای واعظ

ردیف عین مہملہ

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف مقصور

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلات

بیکار ہے سبھی جو واعظ گمرہ بہک نہ شاد
اے بیشارہ خدا اسنو شیطان کا مطیع

ردیف غین معجمہ

بحر متقارب مثمن مقصور	فعولن فعولن فعولن فعول
جو تیری سُنتے ہو یہ کس کا دماغ	نہ نیک بک کے ناصح مرا کھا دماغ
نہ چلا کے بول اسقدر عندلیب	گل تر سے نازک ہے اپنا دماغ
بتو ہم سخن ہو خدا کے لیے	کرو چھوٹے منھ پر نہ اتنا دماغ
ہوئے خاک لاکھوں سر پُر غرور	کرو اہل دولت نہ ایسا دماغ
جو سرکش ہے لاریب بے مغز ہے	حبابوں کا خالی ہے سارا دماغ
کریگی قضا پائمال زمین	فلک پر ہے کیا سرکشوں کا دماغ
کڑی بات اوٹھانیکی طاقت نہیں	کہ نازک بہت ہے ہمارا دماغ

سُنے گا وہ کیا نوجوانی میں شاد
ابھی سے نہیں جسکا ملتا دماغ

بحر متقارب مثمن مقصور	فعولن فعولن فعولن فعول
نہ بہرام کر گور خر پر دماغ	اگر دھا ہی جو انسان ہے خر دماغ

قضا کے وہ ہاتھوں ہوا پائمال
جو کرتے رہے زندگی بھر دماغ

ردیف فا

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف
مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن

ہم فاقہ مست رزق مقدر پہ شاد ہین	بھیجے خدا طعام کے خوان اور کی طرف

اردو مین مصحفی کو بھی اُستاد کہکے شاد
آوازہ کس گیا یہ جوان اور کی طرف

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف	مفعول فاع لات مفاعیل فاع لن
بیٹھے دوچار بزم مین دھیان اور کی طرف	آنکھ اس طرف لگائی ہے کان اور کی طرف
ابرو سے ہم شہید مژہ سے رقیب ہون	تلوار ادھر لگائیے بان اور کی طرف
صید زبون وہ ہون جو روان تیر ادھر ہوا	اوسکی قضا نے بولی کمان اور کی طرف
ہم بیکسون کی قبر سوا ہرگز اہی فلک	نگیرے کو نہ ابر کے تان اور کی طرف
یارب کرے جو حسن کی خیرات وہ صنم	میرے سوا کرے نہین دان اور کی طرف

اوترے نہ کس طرح مری آنکھوں مین چھن شاد
دیتا مجھے دکھاکے ہے پان اور کی طرف

ردیف قاف

بحر رمل مثمن مخبون مقطوع	فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلات
تم جو افشان کے ذرے ہو مرے یار مشتاق	توڑ لاتے ہین ابھی عرش کے تارے مشتاق
مرتے ہین خواہش دیدار کے مارے مشتاق	حسرت دید سے ہین گور کنارے مشتاق

ردیف کاف عربی

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاع لات مفعول فاع لات

وہ مے پلا ہمین ساقی کہ رند مفلس ہین
سبو و جام سے تلچھٹ بھی جو کھنگالکے پھینک

جو درد دل سے تڑپتا ہون ضبط کتا ہی
جگر کو سینے سے پہلو سے دل نکالکے پھینک

طلب کیا جو سفید اوسنے فرش پا انداز
مہ دو ہفتہ نے دی چاندنی اوجالکے پھینک

سپیر ہوئی جو مری قبر کی سیہ کاری
ید کرم نے دیے چار پھول ڈھالکے پھینک

وہ بلبلہ دل نازک ہی ای یم خوبی
حباب نے بھی شبک تر اسے سنبھالکے پھینک

سنے سے جسکے اوڑین ہوش کبک و بلبل کے
وہ لکھ کے شعر ابی شادیول چالکے پھینک

بحر مجتث مثمن مخبون مقصور
مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلات

چڑھا جو پھول لحد پر نگاہ ڈالکے پھینک
کنار مین دل نازک ہی دیکھ بھالکے پھینک

مری طرف دل پرخون مرا نکالکے پھینک
سبوے رقیب پر قمقمے گلال کے پھینک

اوتارتا ہی جو سر تیوریان چڑھائے ہوئے
حسام بند کمر سے تو کھول کھالکے پھینک

جو سرکشان جہان کے مآل کو پوچھا
زمین پہ خاک گئے وہ لونے دے اچھالکے پھینک

بری غبار نجاست سے پاک طینت مین
کوئی نہ جام گل و لالہ دے کھنگھالکے پھینک

کٹی تلاش جلا ساز مین تمامی عمر
دیا کسی نے نہ تخت سیاہ و جال کے پھینک

ہوے جو شیر و شکر بھی تو وائے ناکامی
سمجھ کے دودھ کی مکھی دیا نکالکے پھینک

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف

مفعول فاع لات مفاعیل فاع لن

تری نظر مین جو لایق ہون سنگسار پکے جو کھیلتا ہی تو ای طفل رنگ ہولی مین	مجھی تو چھیلے مری آنکھ سے نکال کے چھینک مرے لہو کو شفق سے بلند اوچھال کے چھینک

گرے کسی پہ نہ پشتارۂ عمل ای شاد
فرشتے داہنے بائین ہین دیکھ بھال کے پھینک

ردیف کاف ترکی

بحر تقارب مثمن مکفوف	فعولن فعولن فعولن فعول
طلسم جہان ہی تماشا سوانگ	بدلتا ہی ہر دم زمانا سوانگ
جو چرخ اسے گردون ہی نیرنگ ساز	کریگا وہ بہروپیا کیا سوانگ
فروزان کیے مجمر آفتاب	فلک ہی بھرے مجمر کیا سوانگ
شب و روز حسن و رنگی دہر	رخ و زلف کا ہی دکھاتا سوانگ
حسینون کے جوبن پہ چھایا ہی روپ	نہ ایسا سنا ہی نہ دیکھا سوانگ
نظر مین مرے شوخ چشم بتان	خدا ساز ہی پتلیون کا سوانگ
سراپا جلے شمع جس روپ سے	سنی کا بھی ہوگا نہ ایسا سوانگ
وہ خار تماشا گہ دہر ہون	جسے سانگ سے ہی زیادہ سوانگ

وہ تائب ہین ای شاد اک ناچ کیا

سب حجاب وٹھے ہین لیکن مانع دیدار ہین
اونسے ہمسے ہی فقط آنکھون کا پردا آجکل

مظہر دہے کو الف ای شاؔد ولکھ کے قافیہ
باندھیے اُردو زبان مین ہی ارادا آجکل

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف و مسبغ
مفعول فاع لات مفاعیل فاع لان

سمجھے نہ کوئی حرف و حکایات گول گول
پستان کے وصف مین نہ کرون بات گول گول

آفت کی تازگی ہی قیامت کی تازگی
باریک بال سے ہی کمر گات گول گول

دام بلا مین دل کو پھنسا تا ہی روز و شب
حلقے بنا کے زلف مین دن رات گول گول

اولاد ہو ہلاک تو ناسور ہو جگر
غمزہ کے دل پہ داغ تھے چھ سات گول گول

شیرین دہن کی یاد مین بھوجو کاٹ چھانٹ
کترا کیے مٹھائی کے لوزات گول گول

لڑکون سے سنگسار رہون تعبیر ہی یہی
دیکھے ہین ہمنے خواب مین برّات گول گول

اک حسن شاؔد اوسکے سراپا ہی فربہی
رانین گداز شانے بھرے گات گول گول

بحر تقارب مثمن سالم
فعولن فعولن فعولن فعولن

بہار آئی ہی رنگ لانے کے قابل
جنون سنگ طفلان ہی کھانیکے قابل

کف پاؤن مین میرے مہندی لگی ہی
بہانہ کرو خون بہانے کے قابل

بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

بحر رمل مثمن مخبون محذوف	فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن
خار سمجھی جو ہین کی دیکھکے گل بر سر گل	نیک و بد اپنی نظر مین گئے تل بر سر گل
وصل مین کیجیے صد دورۂ مل بر سر گل	ہجر ساقی مین نہ مے پیجیے مل بر سر گل
شکر صد شکر یہ کانٹون کا ہی غل بر سر گل	جو خزان آئی وہ آفت گئی کل بر سر گل
رنگ لائے گا مقرر کبھی خون بلبل	ایکدن باغ مین چھو لیگا یہ گل بر سر گل
پھول ایسا ہی کہ کانٹے کا سمجھکر پلہ	بوے گل سے ہوسیک بیٹھے جو تل بر سر گل
جان کو موت نے دل جذب چمن نے کھینچا	عاقبت گردن بلبل گئی ڈھل بر سر گل
دام صیاد مین پھنستے ہین عنادل لاکھون	دے رہی حسن فریبی یہ جل بر سر گل
دلگدازی عنادل کا جو پوچھا انجام	گرتے ہی قطرۂ شبنم گئی گھل بر سر گل
کھلکھلا کر جو ہنسا باغ مین غنچے کی طرح	عقدۂ تنگ دہانی گئی کھل بر سر گل
اک بھی سنتا نہین فریادگران گوشی سے	بلبلین لاکھ کیا کرتی ہین غل بر سر گل
دل نالان سے مرے مرغ چمن بول گئے	جس روش بیٹھ گیا بحث پہ تل بر سر گل

رخ رنگین پہ ہوا مین وہ گل پر ای شاد

پھول میرے ہون تو بلبل کا ہو قل بر سر گل

ردیف میم

جاناجو سوے گور غریباں ہوا ی بتو	آنا ادھر بھی اپنی تھین آنکی قسم
تو یہ بھی مری کی سنج کرے تو یقین نہین	خارج ہے اعتبار سے شیطان کی قسم

عہد شراب کیجیے تو اس مزے سے شاو
مثل کباب کھائیے ایمان کی قسم

بحر رمل مسدس محذوف	فاعلاتن فاعلاتن فاعلن
دوستو اشکون سے منھ دھوتے ہین ہم	دشمنون کی جان کو روتے ہین ہم
خواب مین بھی اوس دو لکا ہی خیال	ہاتھ چھاتی پر دھرے سوتے ہین ہم
وہ نہاتے ہین غیر کے ہمراہ ہین	بحر غم مین کھاتے غوطے ہین ہم
کرکے اوس سرکش کی پابوسی حصول	دل کو اپنے ہاتھ سے کھوتے ہین ہم
اس چمن مین سوختہ قسمت وہ ہین	دانہ جل جاتا ہی جو بوتے ہین ہم
وہ نہاتے غیر کے ہین روبرو	پانی پانی شرم سے ہوتے ہین ہم

زخم سے ای شاو اگر ہنستے بھی ہین
ہردم آنکھون سے لہو روتے ہین ہم

بحر ہزج اخرب مکفوف محذوف	مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن
جوں سبزہ رہے اگتے ہی پیرون کے تلے ہم	برسات کے موسم مین بھی پھولے نہ پھلے ہم

ردیف نون

بحر مضارع مثمن اخرب

مفعول فاعلاتن مفعول فاعلاتن

ہم وہ غم خور ہین زمانے مین | غم عالم خلال کرتے ہین
رشتہ ہر موے خط صف آرا ہی | مور چے مور چال کرتے ہین
ہم وہ ہین نونہال غم جنکو | نخل ماتم نہال کرتے ہین
وہ حنا مل رہے ہین ہجر مین ہم | ہاتھ مل ملکے لال کرتے ہین
مر گئے پر بھی ہے یہ نیش زنی | صرف تھیلی مین کھال کرتے ہین
خامہ کیا وصف زلف یار رقم | موقلم بال بال کرتے ہین
وہ سیانے ہین کھینچکر تعویذ | نقش بھرنے مین چال کرتے ہین

بے چھری قاتل سخن اے شاہ
مرغ مضمون حلال کرتے ہین

بحر خفیف مسدس مخبون مشعث محذوف مسبغ | فاعلاتن مفاعلن فعلان

ہم وہ نالان ہین بولی ٹھولی مین | بلبلون کو جو لین ٹھٹھولی مین
جامہ زیبون سے اسکو نسبت کیا | لاکھ ٹکڑے ہین گل کی چولی مین
رنج و غم کھانے کو خدا نے دیا | کیا نہین مجھ گدا کی جھولی مین
الف لیلی ہے وہ گل تو سنا مین | بلبلین اک ہزار بولی مین
خون ناحق ہمارا اوچھلے گا | رنگ لایا جو شوخ ہولی مین

نا سمجھ کہہ رہے ہین لڑتے ہین
واہ کیا تجھ سے پھول جھڑتے ہین
میری تقدیر مین وہ پڑتے ہین
بل جو ابرو مین تیرے آکے پڑتے ہین
فاعلاتن مفاعلن فعلان
بحر خفیف مسدس مخبون مشعث محذوف مسبغ
